# Protecting Elderly Persons Against Abuse

## What is elder abuse?

- **Generally speaking, elder abuse refers to the commission or omission of any act that endangers the welfare or safety of an elderly person.**
- Usually the elderly person being abused and the abuser are known to each other, or the abusers are responsible for the care of the elderly person being abused, such as family members living together or staff of the organisation providing services for the elderly person.

## Physical abuse

- Physical abuse is physical injury or suffering inflicted on an elderly person non-accidentally or due to the absence of any preventive measures.

## Psychological abuse

- Psychological abuse is the pattern of behaviour and/ or attitudes towards an elderly person that endangers or impairs the elderly person's psychological health, such as acts of insult, scolding, isolation, causing fear to the elderly person for a long duration, intrusion into the elderly person's privacy and unnecessary restriction of the elderly person's freedom of access and movement.

## Financial abuse

- Financial abuse is any act which involves depriving an elderly person of his/ her wealth, or not acting in an elderly person's interests, such as taking away an elderly person's possessions, money or transferring his/ her assets without consent.

## Neglect and Abandonment

- Neglect is severe or persistent lack of attention to an elderly person's basic needs (e.g. adequate food, clothing, shelter, medical treatment, nursing care, etc.) that endangers or impairs the elderly person's health and safety.
- Neglect also includes the failure of provision of medicine and aids according to medical advice, which causes physical harm to the elderly person.
- If a formal service provider (e.g. Residential Care Home for the Elderly, Integrated Home Care Services Team, hospital, etc.) fails to perform its caring responsibility and causes harm to an elderly person, the case may also be considered as neglect.
- Abandonment is the act of abandoning an elderly person without justifiable reasons committed by a carer or guardian, which endangers or impairs the elderly person physically or psychologically. For example, upon the elderly person's hospitalisation, a family member gives a wrong correspondence address/ phone number, resists/ avoids contact repeatedly, or refuses to provide correspondence address/ phone number to the hospital which makes it impossible for the hospital to contact the carer or guardian to discuss the medical and welfare issues of the elderly person.

## Sexual abuse

- Sexual abuse is the act of sexual assault on an elderly person such as exposure of sexual organ to an elderly person, indecent assault and rape, etc.

## How can we help the elderly persons being abused?

- Elderly persons being abused or those who know them should seek assistance of relevant professionals (such as social workers, healthcare personnel and police officers, etc.) as early as possible so as to remedy the situation.
- Professionals of various disciplines will offer assistance to elderly persons being abused. Whenever necessary, they will join hands to formulate follow-up plans for the elderly persons and their family members through discussions or case conferences.
- Professionals will respect the views of the elderly persons as far as possible and provide them with protection and assistance in the most appropriate manner.
- Bearing in mind that the safety of the elderly persons is the prime concern, professionals will also help abusers solve their personal or family problems and, where possible, will try their best to help the elderly persons improve their relationship with their family members, including the abusers.

## How to seek assistance?

- Persons in need of assistance may approach District Elderly Community Centres or Integrated Family Service Centres/ Integrated Services Centres in respective districts. Telephone numbers for enquiries and addresses of these centres are available on the Social Welfare Department website at http://www.swd.gov.hk/
- If the elderly person being abused is receiving other social services, he/ she may seek assistance from the social worker of the service unit concerned, who may arrange referrals where necessary.

- **Social Welfare Department Hotline : 2343 2255**
- **Family Crisis Support Centre (24-hour hotline) : 18288**
- **CEASE Crisis Centre 24-hour Hotline : 18281**

September 2021

社會福利署
Social Welfare Department



# عمر رسیدہ افراد

## کو بد سلوکی سے محفوظ رکھنا

## Protecting Elderly Persons Against Abuse

# عمر رسیدہ افراد کو بد سلوکی سے محفوظ رکھنا

## عمر رسیدہ افراد سے بد سلوکی کیا ہے؟

- **عام گفتگو میں، عمر رسیدہ افراد سے بد سلوکی سے مراد ایسے فعل کا ارتکاب یا غفلت ہے جو کہ کسی عمر رسیدہ فرد کی بہبود اور سلامتی کو خطرے میں ڈال دے۔**
- عام طور پر عمر رسیدہ فرد جس کے ساتھ بد سلوکی کی جائے اور جو بد سلوکی کرے وہ ایک دوسرے سے آشنا ہوتے ہیں، یا بد سلوکی کرنے والے اس عمر رسیدہ فرد کی دیکھ بھال کے ذمہ دار ہوتے ہیں جن کو بد سلوکی کا نشانہ بنایا جاتا ہے، جیسا کہ خاندان کے وہ ارکان جو اکھٹے رہتے ہوں یا کسی ادارے کا وہ عملہ جو کہ عمر رسیدہ فرد کو خدمات فراہم کرنے پر مامور ہو۔

## جسمانی بد سلوکی

- جسمانی بد سلوکی وہ جسمانی چوٹ یا اذیت رسانی ہے جو کہ کسی عمر رسیدہ فرد کو غیر-حادثاتی طور پر کسی پیشگی حفاظتی اقدام کی عدم موجودگی کے باعث پہنچائی جائے۔

## نفسیاتی بد سلوکی

- نفسیاتی بد سلوکی اس عمر رسیدہ فرد کی جانب ہوتی ہے جو رویے اور/ یا انداز فکر کا ایک نمونہ ہے، جیسا کہ توہین، ڈانٹ ڈپٹ، تنہا رکھنا، طویل مدت تک عمر رسیدہ فرد کو خوف میں رکھنا، عمر رسیدہ فرد کی نجی زندگی میں مداخلت کرنا اور عمر رسیدہ فرد کی رسائی اور نقل و حرکت کی آزادی پر پابندی عائد کرنا ہے جو کہ اس عمر رسیدہ فرد کی نفسیاتی صحت کو خطرے میں ڈالتا ہے یا اس میں نقائص پیدا کرتا ہے۔

## مالیاتی بد سلوکی

- مالیاتی بد سلوکی ایک ایسا فعل ہے جس میں کسی عمر رسیدہ مرد/ خاتون کو اس کی دولت سے محروم کر دیا جاتا ہے، یا کسی عمر رسیدہ فرد کے مفادات میں کام نہیں کیا جاتا ہے، جیسا کہ کسی عمر رسیدہ فرد کی ملکیتی اشیاء، رقم کو اس سے دور لے جایا جائے یا اس مرد/ خاتون کے اثاثوں کو اس کی رضامندی کے بغیر منتقل کر دیا جائے۔

## لا پرواہی اور غفلت

- یہ عمر رسیدہ فرد کی بنیادی ضروریات (مثلاً مناسب خوراک، لباس، پناہ، طبی معالجہ، نرسنگ کیئر، وغیرہ) میں لا پرواہی یا مسلسل کمی ہوتی ہے جو عمر رسیدہ فرد کی صحت اور سلامتی کو خطرے میں ڈال دے یا اس کو آزار پہنچائے۔
- لا پرواہی میں طبی مشورہ کے مطابقت ادویات اور معاونت کی فراہمی میں ناکامی بھی شامل ہے، جو کہ عمر رسیدہ فرد کو جسمانی تکلیف پہنچانے کا باعث بنتی ہے۔
- اگر ایک روایتی سروس فراہم کنندہ (مثلاً عمر رسیدہ افراد کے لیے ریزیڈینشل کیئر ہوم، انٹگریٹڈ ہوم کیئر سروسز ٹیم، ہسپتال، وغیرہ) اپنی دیکھ بھال کی ذمہ داری کی انجام دہی میں ناکام رہے اور کسی عمر رسیدہ فرد کو آزار پہنچائے تو، اسے لا پرواہی کی صورت گردانا جا سکتا ہے۔
- غفلت ایک ایسا فعل ہے کہ جس میں نگہدار یا سرپرست کی طرف سے بغیر کسی قابل جواز وجوہات کے کسی عمر رسیدہ فرد کو الگ کر دینا ہے، جو کہ کسی عمر رسیدہ فرد کو جسمانی یا نفسیاتی طور پر خطرے میں ڈال دے یا اس کو آزار پہنچائے۔ مثال کے طور پر، عمر رسیدہ فرد کے ہسپتال میں داخلے پر، کنبے کا کوئی رکن خط و کتابت کا غلط پتہ/ فون نمبر دے، بار بار ربط سے بچے / گریز کرے، یا خط و کتابت کا پتہ/ فون نمبر دینے سے معذرت کرے کہ جس کے باعث ہسپتال کے لیے یہ ممکن نہ رہے کہ وہ عمر رسیدہ فرد کے طبی اور بہبود کے معاملات کو نگہدار یا سرپرست کے ساتھ زیر بحث لا سکے۔

## جنسی بد سلوکی

- جنسی بد سلوکی عمر رسیدہ فرد پر جنسی حملے کا ایک فعل ہے جیسا کہ اس عمر رسیدہ فرد کے جنسی عضو کو ظاہر کر دیا جائے، غیر شائستہ جارحیت دکھائی جائے یا ریپ، وغیرہ کیا جائے۔

## ہم ایسے عمر رسیدہ افراد کی مدد کیسے کر سکتے ہیں جو بد سلوکی کا شکار ہوں؟

- بد سلوکی کا شکار عمر رسیدہ افراد یا وہ جو کہ ان کے آشنا ہوں، انہیں متعلقہ پیشہ ور افراد (جیسا کہ سوشل ورکرز، ہیلتھ کیئر کے عملہ اور پولیس افسران، وغیرہ) کی معاونت طلب کرنی چاہیے تاکہ صورتحال کا جلد از جلد حل نکالا جا سکے۔
- مختلف شعبوں کے پیشہ ور افراد بد سلوکی کے شکار افراد کو معاونت کی پیشکش کریں گے۔ جہاں کہیں ضروری ہوا، وہ عمر رسیدہ افراد اور ان کے کنبے کے ارکان کے ساتھ گفت و شنید یا کیس کانفرنس کے ذریعے فالو-اپ منصوبے تیار کرنے میں مل کر کام کریں گے۔
- یہ پیشہ ور افراد حتی المقدور عمر رسیدہ افراد کے خیالات کا احترام کریں گے اور موزوں ترین انداز میں ان کو تحفظ اور معاونت فراہم کریں گے۔
- یہ بات پیش نظر رکھتے ہوئے کہ عمر رسیدہ افراد کی سلامتی بنیادی قابل غور نکتہ ہے، یہ پیشہ ور افراد بد سلوکی کے شکار افراد کی مدد کریں گے تاکہ ان کے ذاتی اور خاندانی مسائل کو حل کر سکیں اور، جہاں ممکن ہوا، وہ اپنی بہترین کوشش کریں گے کہ وہ عمر رسیدہ افراد کے ان کے کنبے کے ارکان، بشمول بد سلوکی کرنے والے افراد کے ساتھ ان کے تعلقات کو بہتر بنائیں۔

## اعانت کیسے طلب کی جائے؟

- ایسے افراد جن کو اعانت کی ضرورت ہو وہ متعلقہ ضلعوں میں ڈسٹرکٹ ایلڈرلی کمیونٹی سنٹرز یا انٹگریٹڈ فیملی سروس سنٹرز/ انٹگریٹڈ سروسز سنٹر سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔ استفسارات کے لیے ٹیلیفون نمبرز اور ان سنٹرز کے پتے سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ میں ذیل پر دستیاب ہیں/ http://www.swd.gov.hk
- اگر بد سلوکی کا شکار عمر رسیدہ فرد دیگر سوشل سروسز حاصل کر رہا ہو تو، وہ مرد/ خاتون متعلقہ سروس یونٹ کے سوشل ورکر سے اعانت طلب کر سکتا یا سکتی ہے، جو کہ اس کے لیے ریفرلز کا بندوبست کرے گا جہاں ایسا کرنا ضروری ہوا۔

- سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کی ہاٹ لائن: 2343 2255
- فیملی کرائسس سپورٹ سنٹر (24-گھنٹہ ہاٹ لائن): 18288
- CEASE کرائسس سنٹر (24-گھنٹہ ہاٹ لائن): 18281